| Narration | Time |
|---|---|
| موڈل میں Admin's dashboard پر اسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید۔ | 00:01 |
| اس ٹیوٹوریل میں، ہم ان کے بارے میں سیکھیں گے Admin's dashboard پر مختلف blocks '، Admin's profile page اور preferences کو ایڈِٹ یا ترمیم کیسے کریں | ۔00:07 |
| اس ٹیوٹوریل کو ریکارڈ کرنے کے لئے، میں : Ubuntu Linux OS 16.04, XAMPP 5.6.30 سے ماخوذ Apache, MariaDB اور PHP Moodle 3.3 اور Firefox ویب براؤزر استعمال کر رہا ہوں | 00:22 |
| آپ اپنی پسند کا کوئی بھی ویب براؤزر استعمال کر سکتے ہیں۔ | 00:46 |
| تاہم، انٹرنیٹ ایکسپلورر کا استعمال نہ کریں کیونکہ اس سے کارکردگی میں کچھ تضادات ہوتے ہیں۔ | 00:50 |
| اس ٹیوٹورئل میں سیکھنے والوں کے سسٹم پر موڈل 3.3 انسٹال ہونا چاہیئے۔ اگر نہیں تو، اس ویب سائٹ پر متعلقہ موڈل ٹیوٹوریل پر عمل کریں۔ | 00:59 |
| براؤزر پر جائیں اور اپنی موڈل سائٹ کھولیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ XAMPP سروس چل رہی ہے۔ | 01:13 |
| آپ صرف ہیڈر والا خالی پیج دیکھ سکتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم نے اپنی انسٹالیشن کے لئے کوئی فرنٹ پیج مرتب نہیں کیا ہے۔ | 01:21 |
| ونڈو کے اوپری دائیں کونے میں Log in پر کلک کریں۔ | 01:33 |
| اپنے admin username اور پاس ورڈ کا استعمال کر کے Log in کریں جو آپ نے موڈل کو انسٹال کرتے وقت فراہم کیا تھا۔ | 01:39 |
| میں username کے طور پر admin داخل کروں گا اور بطورِ پاسورڈ، Spokentutorial1@ داخل کروگا۔ Log in بٹن پر کلک کریں۔ | 01:47 |
| ہم جس پیج کو دیکھ رہے ہیں اسے dashboard کہا جاتا ہے۔ | 01:59 |
| ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ہمارا dashboard دو کالموں میں منقسم ہے۔ | 02:04 |
| بائیں طرف بڑا والا مرکزی Content column ہے۔ | 02:08 |
| دائیں طرف Blocks column ہے۔ | ۔02:13 |
| ان کالموں میں blocks ، آئٹمز ہیں، جو کسی خاص مقصد یا معلومات کو پیش کرتی ہیں۔ | ۔02:17 |

| | |
|---|---|
| 02:25 | موڈل کے تمام پیجس پر blocks پائے جاتے ہیں۔<br>آپ انہیں اپنے کورس کے اہم حصوں کے بارے میں بطورِ شارٹ کٹس سمجھ سکتے ہیں |
| 02:35 | مثال کے طور پر Private Files, Online Users, Course Overview وغیرہ میرے ڈیش بورڈ کے blocks ہیں۔ |
| 02:46 | نوٹ کریں کہ یہاں کوئی سرگرمیاں یا کورس نہیں ہیں۔ |
| 02:50۔ | اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم نے ابھی تک کوئی کورس نہیں بنایا ہے۔ |
| 02:56 | ۔اگر کوئی یوزر (یعنی اساتذہ یا طالب علم یا ایڈمن) اندراج یافتہ ہے یا اسے کورسز میں کوئی رول تفویض کیا گیا ہے تو تمام کورسز کی ایک فہرست دیکھی جائے گی |
| 03:08 | یہ بھی نوٹ کریں کہ Online Users block، Admin User کو دکھاتا ہے، جو ہمارا موجودہ لاگ ان ہے۔ |
| 03:17 | یہ بلاک لاگ ان ہوئے صارفین کو کسی بھی وقت ظاہر کرتا ہے۔ |
| 03:23 | موڈل میں ہر بلاک کا ایک خاص مقصد ہوتا ہے۔ہم موڈل میں کسی بھی پیج کے کسی بھی کالم میں blocks شامل کرسکتے ہیں۔ |
| 03:34 | اب پیج کے ہیڈر پر نظر ڈالیں۔ |
| 03:38 | اوپر بائیں کونے پر ہم Navigation Drawer یا Navigation menu دیکھ سکتے ہیں۔اس سے ہمیں Calendar اور Administration کے دیگر لنکس تک رسائی حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔یہ toggle menu ہے۔ |
| 03:55 | اس کا مطلب یہ ہے کہ اس پر کلک کرنے پر اس کی حیثیت کھلنے سے بند ہونے اور الٹ ترتیب میں ہو جاتی ہے۔ |
| 04:04 | پھر ہمارے پاس logo کیلئے پلیس ہولڈر ہے۔ |
| 04:08۔ | ڈفالٹ طور پر یہ سائٹ کا مختصر نام ہے۔اس پر کلک کرکے، ہم کسی بھی پیج سے ڈیش بورڈ پر جائیں گے۔ |
| 04:18 | اوپری دائیں طرف notifications اور messages کے لئے فوری رسائی کا آئکن ہے۔ |
| 04:26 | اس کے آگے یوزر مینو ڈراپ ڈاؤن ہے۔اسے quick access user menu بھی کہا جاتا ہے۔ |
| 04:35 | ہم اس ٹیوٹوریل میں مختصر طور پر Profile اور Preferences page پر بات کریں گے۔ |
| 04:41 | یہ سب مینو آئٹمز،ٹوگل مینوز کی طرح ہیں، جیسے بائیں طرف۔ |
| 04:48۔ | اب، Profile لنک پر کلک کریں۔ |

| | |
|---|---|
| 04:52 | ہر یوزر کا پروفائل صفحہ موڈل میں ایک صفحہ ہے۔ |
| 04:57 | اس میں موجود لنکس یوزرس کو اپنی پروفائل کی معلومات میں ترمیم کرنے ،فورم یا بلاگ پوسٹ دیکھنے کی اجازت دیتے ہیں۔ |
| 05:07 | کسی بھی اطلاع کی جانچ پڑتال کے لئے کہ ان تک رسائی ہے اور ان کے لاگ ان اور IP ایڈریس کو دیکھنے کے لئے جو آخری بار لاگ ان ہونے کے لئے استعمال ہوا تھا۔ |
| 05:18 | اب پروفائل میں ترمیم کرنے والے لنک پر کلک کریں۔ پروفائل میں ترمیم کا پیج کھلتا ہے۔ |
| 05:26 | اس پیج کو 5 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔<br>General,<br>User Picture,<br>Additional Names,<br>Interests,<br>Optional. |
| 05:39 | General سیکشن کو ڈفالٹ طور پر بڑھایا جاتا ہے۔ |
| 05:43 | کسی بھی حصے پر کلک کرنے سے یہ توسیع پاتا یا سکڑ جاتا ہے۔ |
| 05:49۔ | دائیں طرف کا 'Expand all لنک تمام حصوں میں توسیع کرتا ہے۔ |
| 05:55 | تمام فیلڈز یہاں قابل تدوین ہیں۔ |
| 05:59۔ | شہر/ قصبہ شامل کریں۔ میں ممبئی ٹائپ کروں گا۔ |
| 06:04 | اس بات کو یقینی بنائیں کہ India کا انتخاب Select a country کے ڈراپ ڈاون سے ہوا ہے۔ اور ٹائم زون Asia/Kolkata مقرر ہے۔ |
| 06:13۔ | صرف Admins اس پروفائل پیج سے password تبدیل کر سکتے ہیں۔ |
| 06:18 | میں Optional سیکشن میں کچھ فیلڈس شامل کرتا ہوں |
| 06:22 | میں Institution کے فیلڈ میں IIT Bombay داخل کروں گا۔ نیز، میں Department میں Mathematics اور Phone number والے فیلڈس میں ایک درست فون نمبر داخل کروں گا۔ |
| 06:36 | پھر پیج کو سیو کرنے کے لئے Update Profile بٹن پر کلک کریں۔ |

| | |
|---|---|
| 06:42 | اب اوپر دائیں میں quick access user menu پر کلک کریں۔<br>Preferences کے لنک پر کلک کریں۔ |
| 06:51 | Preferences کا پیج یوزرس کو ان مختلف سیٹینگس تک فوری رسائی فراہم کرتا ہے جن میں وہ ترمیم کرنا چاہتے ہیں۔ |
| 06:59۔ | ایڈمن اکاؤنٹ کے لئے Preferences کا صفحہ 4 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:<br>User account, Roles, Blogs اور Badges |
| 07:12 | User Account سیکشن یوزر کو Edit Profile اور Change Password کی سہولت دیتا ہے۔ |
| 07:19۔ | یہ Language, Forum, Calendar, Message, Notification وغیرہ کے لئے بھی<br>preferences کا تعین کرتا ہے۔ |
| 07:30 | کیلنڈر کی preferences پر کلک کریں۔ |
| 07:34 | ہم وقت کو 24 hour فارمیٹ میں ظاہر کرنے کیلئے calendar ترتیب دیں گے۔ |
| 07:40 | نیز ہم Upcoming events look-ahead کو 2 weeks متعین کریں گے |
| 07:46 | اس کا مطلب ہے کہ ہم اگلے 2 ہفتوں میں کیلنڈر پر ہونے والے تمام پروگراموں کے بارے میں اطلاعات دیکھیں گے۔ |
| 07:55 | میں تمام fields کے سامنے help آئیکن کو نمایاں کرنا چاہتا ہوں۔ |
| 08:00 | اس پر کلک کرنے سے، ایک help box ہر فیلڈ سے متعلق مختصر معلومات کے ساتھ کھل جائے گا۔ |
| 08:08 | جب کسی بھی فیلڈ کے بارے میں کوئی شبہ ہو تو، اس کی اہمیت کو سمجھنے کے لئے help آئیکون پر کلک کریں۔ |
| 08:16 | تمام آپشنس جیسے تھے ویسے ہی رکھے گئے ہیں۔ Save Changes کے بٹن پر کلک کریں۔ |
| 08: 23 | جب ہم اس سیریز میں ان خصوصیات پر بات کریں گے تو ہم باقی ترجیحات کو سمجھیں گے۔ |
| 08:30 | معلومات کو یہاں دیکھیں۔ |
| 08:33 | یہ breadcrumb navigation ہے۔ یہ ایک بصری مدد ہے جو دکھاتی ہے کہ Moodle site کے تسلسل میں ہم کس پیج پر ہیں۔ |
| 08:45 | اس سے ہمیں ایک ہی کلک کے ساتھ مین پیج پر واپس آنے میں مدد ملتی ہے۔ |
| 08:51 | ڈیش بورڈ پر جانے کے لئے breadcrumbs میں موجود dashboard لنک پر کلک کریں۔ |
| 08:57 | اس کے ساتھ ہم اس ٹیوٹوریل کے اختتام پر پہنچے ہیں۔ مختصر میں.. |

| | |
|---|---|
| اس ٹیوٹوریل میں، ہم نے سیکھا:<br>admin's dashboard پر مختلف blocks۔<br>Admin's profile pageاور<br>preferences میں ترمیم کرنے کا طریقہ | 09:03۔ |
| آپ کے لئے یہ ایک چھوٹی سی مشق ہے۔ Message Preferencesپر کلک کریں۔Moodleمیں، Usersایک دوسرے کو نجی پیغامات بھیج سکتے ہیں۔ | 09: 16 |
| میں نہیں چاہتا ہوں کہ میرے میسیجس ،ای میل کے بطور offline ہونے پر بھی پہنچائے جائیں۔ | 09:27 |
| آن لائن اور آف لائن ہیلپ بکسس کو دیکھیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ سیٹینگس درست ہیں۔ | 09:33 |
| مندرجہ ذیل لنک پر موجود ویڈیو اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ کرتا ہے۔ اسے ڈاؤن لوڈ کر کے دیکھیں۔ | 09:40 |
| سپوکن ٹیوٹوریل ٹیم ورکشاپس کا انعقاد کرتی ہے اور اسناد دیتی ہے۔مزید معلومات کے لئے، ہمیں لکھیں۔ | 09:48۔ |
| اس فورم میں وقت کا حوالہ دے کر اپنے سوالات پوسٹ کریں۔ | 09:57 |
| سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کو MHRD ،NMEICT،حکومت ہند کی مالی معاونت حاصل ہے۔اس مشن کے بارے میں مزید معلومات دکھائی گئی لنک پر دستیاب ہے۔ | 10:01 |
| اس اسکرپٹ کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے | 10: 15 |
| ہمارے ساتھ شامل ہونے کے لئے آپ کا شکریہ۔ | 10: 24 |